ادارہ

مسافرانِ آخرت

● **حضرت مولانا بشیر احمد خا کی رحمہ اللہ**: نامور عالم دین جامعہ عثمانیہ شورکوٹ (ضلع جھنگ) کے بانی مہتمم حضرت مولانا بشیر احمد خا کی ۱۶ر دسمبر ۲۰۰۴ء کو انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا ایک متقی، انتہائی ملنسار اور خوش اخلاق تھے۔ قحط الرجال کے اس دور میں اُن کا وجود غنیمت تھا۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا برسوں پر نہیں ہوگا۔ مولانا مرحوم طویل عرصہ سے جامعہ عثمانیہ کے سالانہ جلسے کے لیے قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کو باقاعدگی سے بلاتے رہے۔ حضرت پیر جی نے اُن کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی اور صاحبزادگان سے تعزیت کی۔

● **حافظ محمد کفایت اللہ مرحوم**: مجلس احرار اسلام شہلی غربی (حاصل پور) کے صدر حضرت حافظ محمد کفایت اللہ ۲۸ر دسمبر ۲۰۰۴ء بروز منگل انتقال کر گئے۔ وہ گزشتہ پانچ چھے ماہ سے فالج کے مرض میں مبتلا تھے۔ مرحوم ایک ایثار پیشہ اور مخلص ساتھی تھے۔ مجلس احرار اسلام کے لیے اُن کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ مرحوم نے حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ سے قرآن کریم حفظ کیا۔ وہ اپنے والد مرحوم حافظ محکم الدین کے صحیح جانشین تھے۔ احرار اور خاندانِ امیر شریعت کے ساتھ اُن کی محبت و وفاداری لازوال تھی۔ حضرت پیر جی مدظلہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ سید محمد کفیل بخاری، ابومعاویہ محمد بشیر چغتائی اور حافظ گوہر علی آپ کے ہمراہ تھے۔

● مجلس احرار اسلام (غازی پور، ضلع رحیم یار خان) کے کارکن قاضی محمد احمد خان جتوئی مرحوم (۲ر دسمبر ۲۰۰۴ء)
● مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے مخلص ساتھی چودھری عنایت صاحب کے والد حاجی خان زمان مرحوم۔
● اوکاڑہ میں ہمارے دیرینہ کرم فرما جناب قاری غلام محمود انور کے والدِ ماجد حاجی نذیر احمد مرحوم (۲۷ر دسمبر ۲۰۰۴ء)
● مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب اللہ نواز مرحوم (ملتان ۔۳ر دسمبر ۲۰۰۴ء)
● مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے صدر جناب شیخ نسیم الصباح کے چچا صوفی محمد شفیع مرحوم
● حافظ عبد المنعم مرحوم (فاروقی کتب خانہ، ملتان) ● اہلیہ مرحومہ جام سجاد احمد ماہڑہ ضلع مظفر گڑھ (بروز اتوار ۱۹ر دسمبر ۲۰۰۴ء)

اراکینِ ادارہ تمام مرحومین کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔